عبدالقیوم حقانی

تبصرۂ کتب

تذکرہ دیارِ حبیب | از قلم قاضی محمد زاہد الحسینی

کتابت عمدہ، طباعت دیدہ زیب صفحات ۴۵۲ ـ قیمت ۱۰۰ روپے ـ پتہ ـ دارالارشاد مدنی روڈ ـ اٹک شہر۔

پیشِ نظر کتاب علامہ سمہودی کی " وفاء الوفاء " کا سلیس اردو ترجمہ ہے ـ جس میں مدینہ منورہ کے حالات خصوصاً دار المصطفیٰ کو تفصیل و تشریح سے بیان کیا گیا ہے ـ علماء سیرت و تاریخ نے اس کتاب سے استناد کو اہمیت دی ـ علامہ عبدالحی لکھنوی اپنے فقہی افادات و شروحات میں مولانا خلیل احمد نے بذل المجہود میں اور علامہ انورشاہ کشمیری نے فیض الباری میں اس کتاب سے کئی مسائل میں استدلال اور استنباط کیا ہے ـ سیرت کے طلبہ کوچۂ محبوب کے راہ نوردوں، دیارِ حبیب کی تمنا رکھنے والے محبانِ صادق اور عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ بھی حصہ رکھنے والے اہل اسلام کے لئے " تذکرہ دیارِ حبیب " ایک گراں قدر نایاب اور قیمتی سوغات ہے کتاب کی اپنی جامعیت و افادیت بہزار اعتراف مسلّم مگر حضرت قاضی صاحب کے سلیس ترجمہ اور شگفتہ تحریر نے اس کے افادہ و اہمیت اور ضرورت کو دوبالا کر دیا ہے ـ مترجم نے گویا بحرِ عشق و محبت میں ڈوب کر اخلاص و للہیت کی روشنائی سے قلم کو سیراب کیا ـ اور ملت اسلامیہ کی پیاس بجھائی۔

مزہ تب آتا جب سیرت و تاریخ اور مطالعہ سے ادنیٰ مناسبت رکھنے والے، دردمندانِ اسلام بھی وقت نکال نکال کر اس کا مطالعہ کرتے ـ اس کے علوم و معارف سے استفادہ کرتے ـ تذکرہ دیارِ حبیب کے حلقے قائم ہوتے ـ عشقِ رسول کے تذکرے ہوتے ـ اور حبیب سے محبت کے رشتے بڑھتے ؏

ذکرِ حبیب کم نہیں وصلِ حبیب سے

کا سماں بندھتا ـ وفاء الوفاء کے ترجمہ کے سلسلہ میں تذکرہ دیارِ حبیب نقشِ اول ہے ـ جو ہر لحاظ سے خوب تر ہے خدا کرے کہ مترجم محترم اس سلسلہ کو تکمیل تک پہنچائیں اور یقین ہے نقشِ ثانی و ثالث بھی جلد منظرِ عام پر لا کر شائقین تک پہنچائیں گے۔ کتابت و طباعت کے مشکلات اور گرانی کے اس دور میں قیمت بھی معقول ہے قارئین سے استفادہ کی پرزور سفارش ہے۔

کتاب المعارف | مصنف ابن قتیبہ مترجم سلام اللہ صدیقی ـ صفحات ۳۵۱ قیمت ۴۵ روپے ـ ناشر